

H5N1 "برڈ فلو"
فارم ورکرز کے لیے رہنمائی

ایوین انفلوئنزا A(H5N1) ایک وائرس ہے۔ یہ پرندوں اور دوسرے جانوروں میں ایوین فلو یا "برڈ فلو" کے نام سے بیماری پھیلانے کا سبب بنتا ہے۔ برڈ فلو کا وائرس، متاثرہ پرندوں اور دیگر جانوروں کے دودھ، پاخانے اور دیگر جسمانی رطوبتوں میں پایا جاتا ہے۔ اگر انسانوں کا متاثرہ پرندوں اور دوسرے جانوروں یا ان کے آلودہ مواد سے کوئی رابطہ ہوتا ہے، تو انسان بھی اس بیماری کا شکار ہو سکتے ہیں۔

برڈ فلو کی علامات میں درج ذیل شامل ہو سکتی ہیں۔ صرف ایک علامت کا ہونا ممکن ہے – یا ہو سکتا ہے کہ کوئی بھی علامت موجود نہ ہو۔



آنکھوں کی لالی/جلن/
آنکھوں سے آنسو بہنا

کھانسی

گلے کی سوزش

ناک کا بہنا یا بند ہونا

پٹھوں یا جسم میں درد

سر درد

تھکاوٹ



سانس لینے میں دشواری

بخار

اسہال

فارم ورکرز اپنی حفاظت کیسے کر سکتے ہیں:

1. اپنے ہاتھ دن بھر، بیمار جانوروں کو سنبھالنے کے بعد اور کھانے سے پہلے اچھی طرح دھوئیں۔ اپنے چہرے اور منہ کو چھونے سے گریز کریں۔
2. کچا دودھ یا کچے دودھ کی مصنوعات استعمال نہ کریں۔

3. جب آپ بیمار یا مردہ پرندوں اور مویشیوں خصوصاً گائے کے ساتھ کام کرتے ہوں، تو ذاتی حفاظتی سامان (Personal Protective Equipment, PPE) ضرور پہنیں۔ جب آپ دودھ، پاخانے یا دیگر مواد سے نمٹتے ہیں جو وائرس سے آلودہ ہو سکتے ہیں، تو یہ لازمی پہنیں۔ PPE سامان میں یہ اشیاء شامل ہیں:



اگر کوئی آپ کو یہ بتائے کہ آپ کو برڈ فلو کا سامنا ہوا ہے، تو کیا کریں:

- اپنے مقامی محکمہ صحت کی ہدایات پر عمل کریں۔
- بیمار یا متاثرہ جانوروں کے ساتھ کام کرنے کے دوران آپ کو جو بھی علامات ہو سکتی ہیں، ان پر نظر رکھیں۔ ان جانوروں کے ساتھ کام بند کرنے کے بعد 10 دن تک ان کا دھیان رکھنا جاری رکھیں۔

اگر آپ بیمار محسوس کرنے لگیں اور برڈ فلو کی علامات ہوں، تو:

- فارم کے مالک اور اپنے مقامی محکمہ صحت کو فوراً بتائیں۔
- جتنا ممکن ہو دوسرے لوگوں سے دور رہیں۔
- ماسک پہنیں۔
- طبی دیکھ بھال حاصل کرنے سے پہلے آگے رابطہ کریں۔ انہیں بتائیں کہ آپ کو ممکنہ طور پر برڈ فلو کا سامنا ہے۔

تازہ ترین رہنمائی سے آگاہ رہنے کے لیے:

نیویارک ریاست کا محکمہ صحت (New York State Department of Health) کی ویب سائٹ

www.health.ny.gov/diseases/communicable/influenza/avian/

برڈ فلو یا ٹیسٹ کروانے کے طریقے کے بارے میں سوالات کے لیے، اپنے مقامی محکمہ صحت سے رابطہ کریں:

www.health.ny.gov/contact/contact_information/

فارم ورکرز کے لیے صحت کی دیکھ بھال یہاں پر دستیاب ہے:

www.health.ny.gov/environmental/workplace/clinic_network.htm

NEW YORK STATE | Department of Health

Cornell Cooperative Extension
Central New York Dairy, Livestock and Field Crops